بقیہ مطبوعات سلسلہ صفحہ ۳۱۲

ادارۂ تعلیم و ترقی کی مطبوعات جامعہ ملیہ دھلی نے "ادارۂ تعلیم و ترقی" کے نام سے ایک ادارہ قائم کیا ہے جس کا مقصد عوام کی جہالت کو دور کرنا، اور خصوصیت کے ساتھ بالغوں میں تعلیم پھیلانا ہے - اس سلسلہ میں اس نے بہت سے کتبے، اور چھوٹے چھوٹے رسالے شائع کیے ہیں جن میں دلچسپ قصے کہانیاں، نظمیں اور غزلیں بھی ہیں، جغرافی، تاریخی اور مذہبی معلومات بھی ہیں، ملکی انتظام اور سیاسی معلومات کے متعلق بھی ابتدائی واقفیت بہم پہنچائی گئی ہے، اور یہ سب کچھ ایسے طریقہ پر کیا گیا ہے جس سے تعلیمی مہارت اور نفسیاتِ عوام پر گہری نظر آشکارا ہوتی ہے - تمام کتبوں اور رسالوں کی زبان نہایت سہل اور لطیف ہے اور ہر چیز کو جاذب نظر اور جاذب توجہ بنانے کی پوری کوشش کی گئی ہے -

عوام کی تعلیم سے تمام مختلف الخیال جماعتوں کا مفاد یکساں طور پر وابستہ ہے - جو خیالات کوئی جماعت پھیلانا چاہتی ہے ان کے پھیلنے کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہندوستان کے کروڑوں باشندوں کی جہالت ہے - اس لیے جہاں تک ان لوگوں کو خواندہ بنانے کا تعلق ہے، اسکے لیے جو سعی بھی کہیں سے کی جائے اس میں تمام مختلف الخیال جماعتوں کو شریک ہو کر ایک دوسرے سے تعاون کرنا چاہیے - البتہ جب اس کوشش میں دانستہ یا نادانستہ کوئی عنصر کسی جماعت کے مخصوص نظریات کا شامل ہو جائے تو اس عنصر کی حد تک تعاون سے انکار کیا جا سکتا ہے - جامعہ کے ادارہ تعلیم و ترقی نے جو رسالے شائع کیے ہیں وہ سب ہمارے نقطۂ نظر سے مفید